12.03.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... نتیکا تیاگی

Music

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی کل آسام کے گوہاٹی سے پی ایم کسان اسکیم کی 22ویں قسط جاری کریں گے۔

☆صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے زرعی شعبے میں پالیسی وضع کرنے اور فیصلہ سازی میں خواتین کے زیادہ رول پر زور دیا ہے۔

☆لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ انہوں نے ہمیشہ بغیر بھید بھاؤ ، ڈسپلن اور ضابطوں کے مطابق ایوان کی کارروائی کو یقینی بنایا ہے۔

☆ حکومت، جموں و کشمیر کے سابق وزیرِ اعلیٰ فاروق عبداللہ پر حملے کی خبر کی جامع تحقیقات کرائے گی۔

☆ خلیجِ فارس میں ایران کی جانب سے کمرشیل جہازوں کو نشانہ بنایا جانے کے بعد مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

☆ اور سوئس اوپن بیڈمنٹن میں آج رات Basel میں مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے کرن جارج کا مقابلہ ہانگ کانگ کے Jason Gunawan سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

SHIVRAJ-PM KISAN SAMMAN NIDHI

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل آسام کے گوہاٹی سے پردھان منتری کسان سمّان ندھی کی 22ویں قسط جاری کریں گے۔ آج صبح نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم مودی فائدے کی براہ راست منتقلی کے ذریعے بینک کھاتوں میں تقریباً 9 کروڑ 32 لاکھ کسانوں کیلئے 18 ہزار 640 کروڑ روپے جاری کریں گے۔

SB - Chouhan

جناب چوہان نے کہا کہ ملک میں اناج کی کُل پیداوار 2014 میں 252 ملین ٹن سے بڑھ کر 2025 میں تقریباً 357 ملین ٹن ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ باغبانی میں نمایاں اضافہ درج کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں بھی مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ وزیرِ موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت نے AI پر مبنی ڈیجیٹل پلیٹ فارم ''بھارت وِستار'' کے پہلے مرحلے کا بھی آغاز کیا ہے، جو کسانوں کو، اُن کی اپنی زبان میں فون کال کے ذریعے زراعت سے متعلق جامع معلومات فراہم کرے گا۔x

PREZ AGRI CONFERENCE

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ اُن خواتین کے درمیان قیادت کی حوصلہ افزائی کرنا اہمیت کا حامل ہے، جو خاص طور سے زرعی غذائی اشیاء سے متعلق نظام اور زراعت سے وابستہ ہیں۔ آج نئی دلّی میں زرعی غذائی اشیاء سے متعلق نظام میں خواتین کے کردار پر عالمی کانفرنس 2026 کا افتتاح کرتے ہوئے صدرِ جمہوریہ نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے خواتین کی قیادت والی ترقی کی حکمتِ عملی کا انتخاب کیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ زرعی شعبے میں خواتین کو پالیسی سازی، فیصلہ سازی اور قائدانہ سطح پر ذمہ داریاں دی جانی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ شعبے کی سبھی سطحوں پر خواتین کی زیادہ سے زیادہ شمولیت سے صنف پر مبنی زرعی ترقی کو فروغ حاصل ہوگا۔

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ اِس بات پر عالمی سطح پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ لوگوں، کرۂ ارض، خوشحالی، امن اور شراکت داری کو برابر کی اہمیت دی جانی چاہیئے۔ صدرِ جمہوریہ نے سبھی متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ لوگوں کی صنف کو نظریات اور اقدامات کے سلسلے میں خصوصی ترجیح دی جانی چاہیئے۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ زراعت سمیت ہر شعبے میں موثر طور پر صنف کی شمولیت سے یہ کرۂ ارض زیادہ حساس اور ہم آہنگ جگہ بن جائے گا۔

SB - Rroupadi Murmu

JAISWAL RESOLTION

لوک سبھا میں BJP کے چیف وہپ ڈاکٹر سنجے جیسوال نے لوک سبھا اسپیکر سے متعلق عدم اعتماد کی تحریک پر کانگریس پارٹی کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی ہے کہ اپوزیشن معقول حمایت حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ اگر ووٹنگ کی اجازت دی جاتی تو اسپیکر موصوف کیلئے زبردست حمایت کا اظہار ہوتا اور شاید اُن کے حق میں 350 سے زیادہ ووٹ ہوتے۔

SB - Jaiswal

LPG اور ایندھن کی قلت کے بارے میں گردش کرتی ہوئی خبروں کے بارے میں جواب دیتے ہوئے، جناب جیسوال نے

عوام کو ایک بار پھر یقین دہانی کرائی کہ کوئی قلت نہیں ہے۔ انہوں نے لوگوں سے افواہوں پر دھیان نہ دینے پر زور دیا۔x

LS-BIRLA

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ انہوں نے ہمیشہ اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی ہے کہ ایوان کی کارروائی غیرجانبداری، ڈسپلن، توازن اور ضابطوں کے عین مطابق چلائی جائے۔ اپوزیشن کی اُس قرار داد پر ایک بیان دیتے ہوئے، جس میں انہیں ہٹائے جانے کی اپیل کی گئی تھی اور کل جسے نامنظور کردیا گیا تھا، جناب برلا نے کہا کہ انہوں نے ہر ایک کے ساتھ اشتراک اور ہم آہنگی کے ذریعہ نظم وضبط برقرار رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داری پوری کی ہے۔ اسپیکر موصوف نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی ہے کہ ایوان کی عظمت اور وقار کو فروغ ملتا رہے۔ جناب برلا نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے سبھی ارکان کو مناسب موقع دینے کی کوشش کی ہے۔

جناب برلا نے کہا کہ بحث کے دوران کچھ ارکان نے یہ الزام لگایا تھا کہ اپوزیشن کے لیڈر کو بولنے سے روکا گیا اور انہیں بولنے کا مناسب موقع نہیں دیا گیا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ خواہ یہ ایوان کے لیڈر ہوں، اپوزیشن کے رہنما ہوں، یا کوئی بھی دیگر ممبر، ہر ایک کو ضابطوں اور طریقۂ کار کے مطابق ایوان میں بولنے کا پورا حق ہے۔ اسپیکر موصوف نے کہا کہ کسی بھی ممبر کو ان ضابطوں سے باہر جاکر ایوان میں بولنے کی کوئی خصوصی رعایت حاصل نہیں ہے۔ اپوزیشن کے کچھ ارکان کی جانب سے اٹھائے گئے معاملے کا تذکرہ کرتے ہوئے جناب برلا نے یہ وضاحت کی کہ صدرنشیں کے پاس مائیکرو فون آن یا آف کرنے کا کبھی بھی کوئی بٹن نہیں ہوتا۔

S/B Birla

RAJYA SABHA-FAROOQ

راجیہ سبھا میں ایوان کے رہنما جے پی نڈا نے ایوانِ بالا کو یقین دہانی کرائی ہے کہ جموں وکشمیر کے سابق وزیرِ اعلیٰ فاروق عبداللہ پر حملے کے پیچھے مکمل وجوہات جاننے کیلئے جامع تحقیقات کرائی جائیں گی۔ اپوزیشن کے رہنما ملکارجن کھڑگے کی جانب سے اٹھائے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے، جناب نڈا نے کہا کہ حکومت اِس معاملے کو بہت سنجیدگی سے لے رہی ہے اور انہوں نے ایوان کو یقین دلایا کہ اِس سلسلے میں تفصیلی تحقیقات کرائی جائیں گی۔ تاہم مرکزی وزیر نے اِس معاملے کو سیاسی رَنگ دینے کیلئے اپوزیشن کی نکتہ چینی بھی کی۔

SB - JP Nadda

WEST ASIA CONFLICT

عراق اور متحدہ عرب امارات کے نزدیک خلیجِ فارس میں کمرشیل بحری جہازوں پر ایران کے حملے کے تناظر میں مغربی ایشیاء میں کشیدگی اور بڑھ گئی ہے۔ عراق کے شہر بصرہ کے نزدیک امریکہ کی زیر ملکیت خام تیل کے ایک ٹینکر پر حملے کے بعد عملے کے ایک بھارتی اہلکار کی موت ہوگئی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر عراق میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ یہ ٹینکر Marshall Islands کے پرچم تلے وہاں سے گزررہا تھا۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ عملے کے بقیہ بھارتی اہلکاروں کو محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا ہے۔ سفارتخانے نے کہا ہے کہ وہ عراق کے حکام اور بچائے گئے بھارتی ملاحوں کے ساتھ رابطہ قائم کئے ہوئے ہے اور انہیں ہر ممکن امداد فراہم کی جارہی ہے۔ اُدھر برطانیہ کے بحری تجارت سے متعلق محکمے نے ایک سیفٹی ایڈوائزری جاری ہے، جس میں سبھی بحری جہازوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ علاقے سے گزرتے ہوئے چوکس رہیں اور کسی بھی طرح کی مشتبہ سرگرمی کی اطلاع دیں۔×

DANDI MARCH

تاریخی ڈانڈی مارچ یا سالٹ ستیہ گرہ کو آج 96 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ 1930 میں ڈانڈی مارچ آج کے ہی دن اُس وقت شروع ہوا تھا، جب مہاتما گاندھی اور اُن کے پیروکاروں کا ایک گروپ گجرات میں، احمدآباد میں سابرمتی آشرم سے ساحلی گاؤں ڈانڈی کیلئے تقریباً 390 کلومیٹر کے 24 دن کے عدم تشدد مارچ پر نکل پڑا تھا، تاکہ نمک کی پیداوار اور ٹیکس عائد کرنے پر برطانوی اِجارہ داری کو چیلنج کیا جاسکے۔ اس کے نتیجے میں پورے ملک میں سِول نافرمانی کی تحریک شروع ہوگئی تھی۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے مہاتما گاندھی اور اُن سبھی بہادر مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے، جنھوں نے تاریخی ڈانڈی مارچ میں حصہ لیا تھا۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی اس موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔×

MADNIY-YOGA

مرار جی دیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یوگا، کل نئی دلّی میں یوگا مہوتسو-2026 منعقد کرے گا۔ یوگ کے بین الاقوامی دن کی 100 دن کی اُلٹی گنتی کے آغاز کے موقع پر اس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ وزارت نے 100 دن کی اُلٹی گنتی کا پروگرام مرتب کیا ہے، جس میں 100 تنظیمیں، 100 مقامات اور شہروں میں یوگ کو بڑھاوا دے رہی ہیں۔

آیوش محکمے کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سال 2014 میں 21 جون کو یوگ کا بین الاقوامی دن قرار دینے کا تاریخی فیصلہ کیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دنیا بھر میں یوگ کو تسلیم کیا جانا ملک کیلئے بہت فخر کی بات ہے، کیونکہ یوگ بھارت کے ثقافتی اور روحانی وراثت کا اٹوٹ حصہ ہے۔×

NADDA-KIDNEY DAY

آج گردوں کے عالمی دن کے موقع پر صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ یہ بہت ضروری ہے کہ گردوں کی صحت کی اہمیت پر آگاہی پھیلائی جائے اور اُن سے متعلق امراض کی روک تھام اور جلد تشخیص کی جائے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب نڈا نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں حفظان صحت تک رسائی کو بہتر بنانے کے اقدام کے طور پر حکومت نے پردھان منتری قومی Dailysis پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس پہل کے ذریعہ، ہزاروں کی تعداد میں Dailysis مراکز میں ملک کے لاکھوں لوگوں کو علاج کی سہولت مل رہی ہے۔×

MEA-FACT CHECK

حکومت نے سوشل میڈیا پر چل رہی ان خبروں کی سختی سے تردید کی ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ نئی دلّی میں بھارت-اسرائیل دفاعی مشقوں کے دوران زبردست آگ لگنے کی وجہ سے دونوں ممالک کے کئی افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

وزارت خارجہ کی حقائق کی جانچ سے متعلق یونٹ نے سوشل میڈیا کے اس پوسٹ کی سختی سے تردید کرتے ہوئے عوام سے کہا ہے کہ وہ اس طرح کی جھوٹی اور بے بنیاد خبروں سے محتاط رہیں۔ وزارت نے سوشل میڈیا کے ان دعووں کو بھی غلط قرار دیا ہے کہ بھارتی میڈیا بھارت میں ایران کے حامیوں پر الزام عائد کررہا ہے۔×

BADMINTON

سوئس اوپن بیڈمنٹن میں آج رات Basel میں بھاتی بیڈمنٹن کھلاڑی پری کوارٹر فائنل مقابلے کھیلیں گے۔ آج رات بھارت کے کرن جارج کا مقابلہ ہانگ کانگ کے Jason Gunawan سے ہوگا۔ عالمی نمبر چار مردوں کی بھارتی ڈبلز جوڑی سَتوِک سائیراج رَنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پری کوارٹر فائنل میں جاپان کی جوڑی سے مقابلہ کریں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆